سوال

کپڑوں کی پاکی۔

جواب

کپڑوں کی صفائی ؟السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کبھی کبھار میری شلوار پر سفید قطرہ یا پیشاب کا قطرہ نکل کر گر جاتا ہے ۔ میں ہاتھ میں تھوڑا سا پانی لے کے اس جگہ پے مل دیتا ہوں ۔ کیا اس طرح میرے کپڑے پاک ہوجائیں گے ؟ اور کیا ان کپڑوں میں نماز درست ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ بھی ایک بیماری ہے جسے سلسلۃ البول کا نام دیا جاتا ہے ، اور انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہے ، لہذا آپ جو کر رہے ہیں وہی درست ہے اور اس میں آپ کی نماز بھی ہوجائے گی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی